سوال

(960) عورت کااپنے بالوں کے ساتھ بناوٹی چوٹی لگانا کیسا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عورت کااپنے بالوں کے ساتھ بناوٹی چوٹی لگانا کیسا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عورت کواپنے بالوں کے ساتھ دوسرے بال جوڑنا یا کوئی ایسی چیز جو بالوں کا شبہ دے، استعمال کرنا حرام ہے، کیونکہ اس کے دلائل ثابت ہیں۔ ([1])

---

[1] اس مسئلہ کا تعلق ہمارے دور میں معروف چیز "وگ" سے ہے جو سراسر جعلی بال ہوتے ہیں۔ البتہ پراندہ یا پراندی (یعنی موباف)، بالوں کو باندھنے کے لیے ناگے وغیرہ، وہ راقم کی نظر میں ان شاء اللہ اس وعید میں نہیں آتے، کیونکہ یہ محض ایک زینت کی چیز ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 682

محدث فتویٰ